فہرست مضامین کتاب قرابادین نادر

صفحہ ۱۰ سطر ۸ اور دو غلط در صحیح۔

قطعہ تاریخ مولف صفحہ ۱۷۔

شبیہ مولف 〃 ۱۷

تقریظ عالیجناب بقراط زمان ارسطوئے دوران حضرت مولوی محمد منصور علیخان صاحب صدر مدرس مدرسہ طبیہ یونانی سرکار عالی و تقریظ عالیجناب معلے القاب ڈاکٹر مولوی حکیم سید محب حسین صاحب سردار الحکما نواب فیلسوف جنگ بہادر افسر الاطبا سرکار عالی دام اقبالہ العالی معہ دیگر تقریظ عالیجناب اول مددگار صاحب و دوم مددگار صاحب و مہتمم صاحب گودام صدر شفاخانہ یونانی سرکار عالی قرابادین نادر کے ٹیٹل کے صفحہ ۲ و ۳ مین مرقوم ہے

صحت نامہ قرابادین نادر صفحہ ۱۰

تمام فہرست مضامین کتاب۔۔

قرابادین نادر مرکبات صدر شفاخانہ یونانی سرکار عالے۔

مجربات حضرت مولوی حکیم احمد سعید خان صاحب افسر الاطبا اول مرحوم۔ یہ کتاب قرابادین نادر معہ محصول ٹپہ رجسٹر و کتب انعامی بقیمت عہ من منتہر سے مل سکتی ہے مختصر تفصیل کتب انعامی یہ ہی ان کتابون مین سے کوئی ایک کتاب خریدار قرابادین کو مفت ہے

سوانح عمری افلاطون۔ ناول لندن کے پولیٹکل اسرار۔ انتخاب لاجواب۔ گنجینہ تاریخ نظم شہید۔ استاد مسمریزم۔ تحفہ نفیس۔ دیوان اول رعد۔ گلدستہ نادر۔ سیرۃ الملوک۔ مجموعہ غزلیات وغیرہ۔ باقی اور تالیفات نادر کے لئے کوئی

انعامی کتاب نہین۔

فہرست تالیفات و تصنیفات نادر۔ دیوان اول رعد۔ دیوان دوم۔ زیر طبع۔ دیوان سوم۔ مثنوی نادر زیر طبع انتخاب نادر۔ گنجینہ تاریخ۔ قرابادین نادر۔ طب نادر۔ مفردات نادر۔ مرکبات نادر۔ تالیف نادر۔ مجربات نادر۔ المشتہر۔ میر نادر علی رعد حکیم شفاخانہ سرکاری تعلقہ پالم ضلع پربہنی۔ طب نادر جسمین تمام امراض کے نام یونانی ڈاکٹری معہ اسباب و تعریفات و علامات درج ہین قیمت عہ اس کتاب مین تمام امراض کے نام ردیف وار درج ہین اسکے مطالعہ سے ہر شخص حکیم ہو سکتا ہے اور ہر حکیم سند یافتہ ہو سکتا ہے لاجواب کتاب ہے آج تک اردو و فارسی مین کوئی کتاب ردیف وار امراض کی نہین تھی۔

دستخط [illegible]

حمد و نعت و منقبت کے بعد راقم کتاب میر نادر علی رعدؔ ابن حضرت میر کاظم علیخان
صاحب شعلہؔ مرحوم منصبدار بخدمت ناظرین عرض پرداز ہے کہ یہ کتاب مجموعہ نسخہ جات مجربات حضرت
استادی مولوی حکیم احمد سعید خانصاحب افسر الاطبا اوّل ہے۔ حضرت افسر الاطبا صاحب
مرحوم کے حالات اظہر من الشمس ہین۔ طبابت آبائی لیاقت علمی وہ کہ تمام قانون شیخ الرئیس حفظ۔ تجربہ تمام
عمر فن طبابت کو انجام دیا۔ نام آوری۔ انکے وجود کو خدا نے باعث تقرر شفاخانجات یونانی سرکاری کیا
اونھین کی سعی کا نتیجہ ہوا کہ تمام تعلقات و اضلاع ممالک محروسہ سرکار عالی مین اطبائے سند یافتہ سرکار عالی
مامور ہو رہے ہین۔ اور انشاء اللہ اسی طرح ہوتے رہین گے۔ ورنہ اضلاع تو کیا خاص بلدہ مین بھی کوئی
دواخانہ یونانی سرکاری نہین تھا۔ طب یونانی حالت نزع مین تھی کہ حضرت نے مسیحائی کا کام کیا اور انشاء اللہ
اب ہمیشہ اسکو ترقی ہوتی رہیگی اور ترقی کے ساتھ افسر الاطبا صاحب اول کا نام بھی باقی رہیگا۔ بعض حکمائے

بےعلم جو اپنے کو حکیم تجربہ کار کہتے ہین اونکو رشک و حسد ہے کہ تقرر صدر شفاخانہ یونانی سرکار عالی و قیام دیگر شفاخانجات
یونانی بلدہ و اضلاع سے اُن حکماے بےعلم کو سخت نقصان ہوا - ان کا اعتراض ہے کہ ساڑھے چار کتب
درسیہ طبیہ عربی یا فارسی سے کوئی شخص حکیم نہین ہو سکتا - حکیم ہونے کے لئے علم سینہ بسینہ ضرور ہے
اسکا جواب مختصر یہ ہے کہ - حکماے سندیافتہ تو تمام امراض کے اقسام و معالجات سے واقف ہین کتب
درسی مین سر سے قدم تک کسی مرض کی کوئی قسم باقی نہین ہے - ہمارا علم کامل ہے - حکماے بےعلم تجربہ کار
کے پاس جو ادویہ ہین وہ چند امراض کے ہین وہ بھی ایسے مرکبات کہ بعوض دفع مرض کرنے کے مریض کو
دار فنا سے دار بقا مین پہنچاتے ہین اگر فیصدی پانچ بچگئے تو وہ ان حکماے بےعلم کے علاج سے
صحت یاب نہین ہوئے بلکہ دوا تو مرض بڑہانیکی دی گئی تھی طبیعت نے باذن خالق دفع مرض کیا اور
مریض کی حیات باقی تھی - اگر کوئی مریض ایسا رجوع ہوا کہ حکیم بےعلم کے تجربہ سینہ بسینہ مین اسکی کوئی دوا نہین
تو اگر مریض غریب ہے دوسرے حکیم کے حوالہ ہوتا ہے مقصد یہ ہوتا ہے کہ جو دوا اونکے تجربہ کی نہو وہ یہان
ہوگی جو یہان نہوگی وہان ضرور ہوگی - اگر مریض مالدار ہے تو بمجبوری حکیم صاحب موصوف کو علاج الغربا
دیکھنا پڑتا ہے - ورنہ مریض جئے یا مرے - جمالگوٹہ پارہ - شنگرف - سنکھیا - رسکپور - ایسی ادویہ
تو حکیم صاحب کے پاس ہر وقت موجود - حکماے سندیافتہ کا ہزارہا سال کے حکما کے تجربہ پر عمل ہے جس وقت
طب یونانی پیدا ہوئی کسی کو یہ بھی معلوم نہ تھا کہ یہ دوا سرد ہے یا گرم تر ہے یا خشک - ان حکما نے ہر
دوا کی صورت سے - حالت سے شخص معتدل المزاج کو بارہا استعمال کراکے مریض کو بہ ضد مرض دوا دیکر بصورت
شبہ ہر جانورون کو کھلاکر - الغرض اپنی تمام عمر صرف کرکے ہر دوا کے مزاج کو دریافت کیا نسخہ جات مفردات
و مرکبات لکھے - ان کے بعد جو حکیم ہوئے اور فروغ دیتے رہے ہم اطباے سندیافتہ کا یہ دعویٰ ہے کہ اگر

تجربہ بے علم کو کچھہ بھی وقعت ہوتی تو تمام کتب درسیہ طبیہ عربی و فارسی منسوخ ہوتین۔ اور بجاے
کتب درسیہ تجربہ حکماے بے علم پڑہایا جاتا۔ اب الحمد للہ ہر حال مین ہمکو ترجیح حاصل ہے ہمارا تقرر سرکار سے
منظور ہو رہا ہے۔ حکماے تجربہ بے علم بھی اپنے بچون کو شریک مدرسہ طبیہ کرتے ہین۔ حکماے
سند یافتہ کا فریضہ ہے کہ اپنے علم حاصل سے مرض کی تشخیص کرین۔ اور دوا کی طبیعت سے واقف ہین
نسخہ مرتب کرین۔ شان خدا ہے اگر مریض بوجہ ختم حیات مستعار ہلاک ہو جاے۔ یہ پیش خدا مواخذہ دار
نہین۔ اگر حکیم تجربہ کار بے علم کے علاج سے کوئی مریض صحت یاب بھی ہوا تو اس حکیم کو مریض کے قاتل
کی سزا دیجائیگی۔ کیونکہ اسنے تو ہلاکت کی دوا بوجہ بے علمی دی تھی۔ اور یہ خیال کفر ہے کہ حکیم نے مریض
کو اچھا کیا۔ اچھا تو خدا کرتا ہے۔ حکیم کی کیا مجال ہے۔ اس کا کام ہے کہ حسب علم دوا دے اور مریض
اور حکیم دونون خدا سے صحت طلب رہین۔ جن حکماے بے علم تجربہ سے میرا مقصد ہے تمثیلاً ایک
حکیم کا حال قرص بنادق البزور کی شرح مین بیان ہوگا ورنہ جو حکما کہ ذی علم ہین اگر وہ سند یافتہ نہین تاہم
ہمسے اچھے ہین۔ جب قیام مدرسہ طبیہ نہ تھا سند کس طرح ملتی۔ اب اُن کو کیا ضرورت ہے۔ بہرحال
اس سے زیادہ عرض کرون تو دیباچہ کو طول ہوتا ہے۔ راقم کتاب کا مختصر حال یہ ہے کہ فن آبائی
تو شاعری ہے۔ ۱۳۰۱ھ سے تحصیل کتب درسیہ طبیہ کرتا رہا اوسی زمانہ سے اوستادی عالم معقول
و منقول حضرت مولوی منصور علیخان صاحب صدر مدرس مدرسہ طبیہ یونانی سرکار عالی
سے علم طب پڑہتا تھا اور صدر شفاخانہ مین حضرت اوستادی مولوی حکیم احمد سعید خان
صاحب افسر الاطباے اول کیخدمت مین حاضر رہتا تھا جو مریض اونکی خدمت مین رجوع ہوتے
تھے اون کا بیان سنتا تھا۔ افسر الاطبار صاحب جو نسخہ تجویز فرماتے تھے اوسکو سمجھ لیتا تھا

ایک مدت کے بعد حضرت افسر الاطبا، صاحب مرحوم نے اپنے تجربہ کی قلمی بیاض مجکو مرحمت
کی نقل کی اجازت ہوئی بالمشافہ کچھ شبہہ ہو تو دریافت کر لیتا تھا مثلاً کسی دوا کے وزن مین
ل - تھا - کسی مین م - پوچھنے سے معلوم ہوا کہ - ل - سے مثقال ہے اور - م - سے درم - ایک
دوسری بیاض بھی حضرت کی قلمی تھی جو صدر شفاخانہ مین موجود تھی جسکی نقل کی مجکو مہلت نہ ملی بعد تو
حضرت کا انتقال ہو گیا - دوسری بیاض مقبول احمد دواساز کے پاس تھی وہ انکار کرتا رہا - ہر چند کہ
اس جرم مین اوسکی برطرفی ہوئی مگر بیاض غایب - ۱۳۱۵ھ مین ہمارا امتحان سرکاری ہوا -
۵ - اطباے یونانی ممتحن کے پرچے تھے اور ایک پرچہ تشریح مین ڈاکٹر شفاء الدولہ بہادر کا تھا
یعنی تحصیل طب یونانی و تشریح یونانی کے علاوہ ڈاکٹر نواب شفاء الدولہ بہادر فن تشریح ڈاکٹری
ہمکو پڑھاتے تھے - ممتحن بھی وہی تھے - یہ امتحان بزمانہ عالی جناب معلی القاب ڈاکٹر مولوی حکیم سید
محمد حسین صاحب افسر الاطبا ثانی المخاطب بہ سردار الحکما نواب فیلسوف جنگ بہادر ظلہ
و زید اقبالہ - ہوا ۱۳۱۵ھ مین ہم کو سند سرکاری عطا ہوئی - امتحان مین کامیابی ہوئی -
۶ - اطبا سال مذکور مین کامیاب ہوئے - اگرچہ ابتداے طب یونانی سے بلدہ حیدرآباد مین
یہ پہلا امتحان تھا - مگر سوالات بہت مشکل تھے ایک ممتحن صاحب بوجہ تحریر سوالات طویل و مدت تحریر
جواب قلیل ممتحنی سے معزول ہوئے - ممتحن نے اپنا کمال ظاہر کیا - یہ تو ظاہر ہے کہ ممتحن ہونا سہل
تھا - امتحان دینا مشکل - ہم طالب علم بھی ۹ سال کے مشاق و مستعد - اون مین ۲۰ تو زیادہ مستعد
ان ۲۰ مین ہم ۸ شخص تو درجہ اول مین کامیاب ہوئے - باقی ۱۲ درجہ دوم مین - ۸ مین راقم
کا نمبر سلسلہ ۶ ہے -

الغرض ۱۳۱۸ف سے ۷ سال کے بعد امتحان سرکاری کی سند ملی اور افسر الاطبا صاحب مرحوم کو جن کی لیاقت پر اطمینان تھا انتقال کے ایک ہفتہ اول صدر شفاخانہ کی مہر اور اپنے دستخط سے سند عطا ہوئی - میرے نام بھی سند لکھی گئی اور امتحان کے بعد تو سرکاری سند بھی ملی اور جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی واقع ۲۴ بہمن ۱۳۲۰ف صفحہ ۳۲۸ مین ہم سب کا نام شائع ہوا - اب مین درگاہ شافی مطلق سے امیدوار ہون کہ یہ کتاب مفید خاص وعام ہوگی اگر عالیجناب افسر الاطبا ثانی نواب فیلسوف جنگ بہادر دام اقبالہٗ جو اسوقت جو صدر شفاخانہ کی فہرست ادویہ مرکبات ہے اور واقعی اسکے مجربات لاجواب ہین - اوسکی نقل مجکو مرحمت فرمائین مین نہایت شکریہ کے ساتھ اوسکو مطبوع کرونگا - اوس کتاب کا نام مجربات افسر الاطبا ثانی ہوگا - بالفعل تو مجربات افسر الاطبا اول جو مجکو ملی یہ ہین -

اطریفل کشنیزی سادہ - منقی ومقوی دماغ مانع صعود بخار - برائے محرورین بسیار مفید پوست ہلیلہ زرد - بلیلہ - آملہ منقی - کشنیز خشک - ہر ایک کوفتہ بیختہ ہموزن دیگر بگیرند وبا روغن بادام چرب نمودہ با شکر دوچند بقوام آرند واطریفل سازند - قدر شربت ۱ تولہ **شرح** - اس مین کوئی دوا ایسی نہین کہ جو فراہم نہو یہان سے آخر کتاب تک بھی ایسی نہوگی جو محال ہو - مثلاً بیضۂ مرغ ہما - ۲ عدد - بیخال پرندہ کتاب طلسمات عجائب ۵ تولہ وغیرہ - یہ قرابادین ان ادویہ سے مستثنےٰ ہے - ہان ہر ایک دوا ہموزن سے یہ منشا ہے کہ کوٹنے چھاننے کے بعد جس قدر پوست ہلیلہ زرد ہے اوسی قدر بلیلہ وغیرہ اور چارون ادویہ کے مجموعہ کے وزن کے دوچند شکر - روغن بادام باندازہ چرب کرنے کے ہے - نسخہ جات حضرت افسر الاطبا صاحب بزبان فارسی ہین - شرح وغیرہ جو مین لکھتا ہون بزبان اردو - واضح ہو کہ پوست ہلیلہ زرد پر ۱ لکھا ہوا ہے - اسکی تصریح ضرور ہے - اگرچہ

کتاب حضرت اوستادی مین صرف مرکبات درج تھے۔ مگر راقم نے ہر دوا کے اوپر لکھدیا ہے۔ کہ یہ دوا گرم تر
ہے۔ یا گرم وخشک سرد وتر ہے یا سرد وخشک پس جس دوا پر ب ر ۔ ہے وہ دوا بارد رطب یعنی سرد
وتر ہے۔ اختصاراً سر حرف بارد ۔ ب ۔ اور سر حرف رطب ۔ ر ۔ ہے ۔ اور جس دوا پر ب ی ہے ۔ وہ
دوا سرد وخشک ہے۔ اس طرح جسپر ح ر ۔ ہے۔ وہ دوا حار رطب یعنے گرم وتر ہے۔ اور ح ی
ہے تو حار یابس یعنی گرم وخشک ہندسہ جو لکھا گیا ہے اُسکا منشا یہ ہے کہ یہ دوا گرم یا سرد وغیرہ
اس درجہ مین گرم یا بالعکس ہے۔ مخفی نرہے کہ جو کچھ وارد بدن انسان معتدل المزاج یا قریب
باعتدال جوان ذکی الحس بادراک ہو اور بعد منفعل ہونے حرارت غریزی کے وہ کیفیت حاصلہ اگر
مماثل کیفیت بدن ہے۔ اور بتکرار استعمال وکثرت مقدار شربت کوئی تاثیر یا کیفیت غالب وزائد
مزاج اصلی پر شخص مذکور کے نکرے اور ارواح وقوی کو متغیر نکرے۔ اوسکو معتدل کہتے ہین جسکا
اختصار ۔ مع ۔ ہے۔ اگر صفات مذکورہ سے خارج ہو اور خروج اس حد تک ہے کہ مقدار قلیل حادث
کیفیت غالب وزائد نکرے اور مقدار کثیر وتکرار استعمال تغیر پیدا کرے لیکن افعال کو مختل وناقص
نکرے۔ اوسکو درجہ اول کہتے ہین۔ اگر کم مقدار بھی وجہ حدوث کیفیت غالب وزائد ہو اور زیادتی
مقدار وکثرت استعمال سر حد ضرر وفساد کو نہ پہنچائے اوسکو درجہ دوم کہتے ہین۔ اگر با این ہمہ سر حد
ضرر وفساد ونقصان واختلال کو پہنچائے لیکن مہلک نہو اوس کو درجہ سوم کہتے ہین۔ اگر اسپر بھی مہلک
ہو درجہ چہارم ہے۔ اس مجموعہ مین ہر دوا کے مقابل طبیعت لکھدی گئی ہے تاکہ ناظرین کو یہ کتاب زیادہ
کارآمد ہو۔ اب ایک بات باقی رہی وہ یہ کہ ایک نسخہ مرکب مین چند ادویہ شریک ہین کوئی گرم ہے کوئی سرد
ایک تو بدرجہ اول ایک بدرجہ ثالث اور کسی دوا کا وزن ۵ تولہ کسی کا ۲ تولہ اب مجموعہ مرکب کا مزاج

کس درجہ مین سرد ہے یا گرم معہ درجہ اسکو بطریق عام فہم ۔ آخر مین لکہدونگا کہ بہت ضروری ہے ۔

اطریفل کشنیزی مرکب ۔ مقوی دماغ مسکن حرارت مانع تبخیر نافع مراق ۔ پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۵ تولہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ ۔ بلیلہ ۵ تولہ ۔ آملہ ۵ تولہ ۔ کشنیز خشک ۵ تولہ موشگی ۵ تولہ ۔ ابریشم مقرض ۳ تولہ ۔ گل گاوزبان ایک تولہ ۔ اسطوخودوس ایک تولہ ۔ گل بنفشہ ۵ تولہ ۔ بادرنجبویہ ایک تولہ ۔ ادویہ کوفتہ بیختہ بروغن بادام چرب نمودہ باسیب مربا و بہی مربا در آب جوش دادہ یا کہرل کردہ ۔ مغز تخم خربزہ ۳ تولہ شیرہ کاہو ۳ تولہ ۔ مغز تخم کدو ۳ تولہ بہ شکر سفید بوزن مذکور بقوام آرند ۔

شرح ۔ جن دوا کی طبیعت حرارت و برودت ایکبار اس کتاب مین لکہی گئی دوسری جاے تحریر نہوگی ۔ الّا بسہو ۔ شکر سفید ہر دوا مین تمام ادویہ کے اوزان کے مجموعہ کے دوچند رہے ۔ بار بار لکہنے کی ضرورت نہین ۔ جہان سہ چند ہوگی تصریح کیجاے گی ۔

اطریفل مقل بجہت بواسیر و قبض بواسیر و ریح البواسیر و کثرت آروغ نافع ۔ پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ ۔ املہ مقشر ۔ اسطوخودوس ۔ افتیموں ۔ ہر ایک ۱۰ درم پوست ہلیلہ ۵ تولہ ۔ مغز فلوس خیار شنبر ۳۰ درم ۔ مقل ازرق ۳۰ درم ۔ مقل و خیار شنبر را در آب حل کردہ ہمہ ادویہ کوفتہ بیختہ بعسل دوچند بقوام آرند قدر شربت ایک تولہ ۔

تصریح ۔ جہان آملہ لکہا جاے اُس سے منشا آملہ منقی یعنی مقشر ہے صرف پوست آملہ مستعمل ہے ۔ درم کا وزن ساڑہے تین ماشہ ہے ۔ مقل ازرق گوگل کو کہتے ہین ۔ **اطریفل اسطوخودوس** مقوی و منقی دماغ بارد و دافع نزلہ بارد ۔ و امراض باردہ دماغیہ ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۔ ہلیلہ سیاہ ۔

پوست بلیلہ۔ آملہ۔ اسطوخودوس۔ بسفایج۔ تربد سفید۔ سنا رکی۔ مصطگی۔ افتیمون۔ کشمش منقی۔ مویز منقی۔ ہرایک ۵ تولہ۔ روغن بادام ۱۲ تولہ مین چرب کرکے شہد دوچند کے ساتھ اطریفل بنائین

تصریح۔ ہرایک ۵ تولہ سے مراد بعد کوٹنے چھاننے کے ۵ تولہ ہے ایسا نہو کہ دواساز کو نسخہ دیا اور سنے باندھا۔ کسی دوا مین بعد کوفتن و بیختن کمی ہوئی کسی مین زیادتی۔ نسخہ کا مزاج اصلی مقصود باقی نہ رہا۔ لہذا ہر دوا بمقدار کافی نسخہ سے زیادہ لینی چاہیئے۔ اور بعد کوٹنے چھاننے کے وزن کرکے ملادین۔ اس نسخہ مین ۱۲ ادویہ ہین ہرایک ۵ تولہ ۱۲ کو ۵ مین ضرب دیا یعنی ۱۲×۵ = ۶۰ کل دوا ۶۰ تولہ ہوئی۔ اب ۶۰ کے دوچند ۱۲۰ تولہ یعنی ڈیڑھ سیر شہد ملانا۔ ہر نسخہ مین یہی لحاظ رہے۔

اطریفل زمانی مقوی ومنقی دماغ۔ مقوی بصر و جمیع امراض دماغیہ مفید بجمیع امزجہ موافق۔ عناب ۳۰۰ دانہ سپستان بکوفتہ ۳۰۰ گل بنفشہ ۱۰ درم در آب جوش دادہ مالیدہ صاف نمودہ با شیرۂ مربا ہلیلہ۔ و عسل مصفی بقوام کردہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۰ درم۔ پوست ہلیلہ کابلی ۱۰ تولہ بلیلہ ۱۰ تولہ گل بنفشہ ۱۰ تولہ سقمونیا ۱۰ تولہ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ پوست بلیلہ ۵ تولہ آملہ۔ گل سرخ۔ طباشیر۔ گل نیلوفر۔ ہرایک ۵ تولہ تربد سفید ۲۰ تولہ۔ برادہ صندل سفید ۳ تولہ کتیرا ۳ تولہ کوفتہ بیختہ۔ با روغن بادام چرب نمودہ با عسل بقوام آرند۔

شرح۔ ہر نسخہ بوزن نصف و ربع وغیرہ تیار ہوسکتا ہے مگر ایک دوا نصف لیجاے تو دوسری بھی نصف رہے۔ ربع تو ربع۔

اطریفل شاہترہ۔ بجہتہ فساد خون و بثور ودمامیل و جرب و حکہ نافع۔ پوست ہلیلہ کابلی

۹ تولہ - پوست ہلیلہ زرد ۶ تولہ - گل سرخ ۳ تولہ - برگ سنا ۴ - تولہ - برگ شاہترہ ۴ - تولہ -
کوفتہ بیختہ بعسل دوچند بقوام آرند - اطریفل مغز کدو - مقوی دماغ حار و مزیل حرارت آن - پوست
ہلیلہ زرد - پوست ہلیلہ کابلی - آملہ - گل گاؤزبان - تخم خشخاش سفید - کشنیز خشک - تخم کاہو - مغز کدو
پوست بلیلہ - پوست ہلیلہ سیاہ - ہر ایک ۱ تولہ - ادویہ کوفتہ بیختہ با قند دوچند بقوام آرند - اکسیر البواسیر
برائے بواسیر وریح البواسیر سفید - مغز تخم نیم ۱ ماشہ - مغز تخم بکائن ۱ ماشہ - رسوت ۱ ماشہ -
تخم گندنا ۱ ماشہ - مربا ہلیلہ ۱ عدد - ادویہ بروغن زرد چرب نمودہ مربا ہلیلہ آمیختہ حب بندند و بخورانند
اطریفل قنبیل - مخرج حیات و دیدان - پوست ہلیلہ زرد - پوست ہلیلہ کابلی - کمیلہ - آملہ - ہر ایک ۱ تولہ
حب النیل - افسنتین - تربد سفید - ہر ایک ۵ تولہ - برنگ کابلی - حب بلسان - ہر ایک ۴ تولہ - ترمس
شیح ارمنی - شحم حنظل - قسط تلخ ہر ایک ۲ تولہ - کوفتہ بیختہ بروغن بادام تلخ چرب نمودہ بعسل بقوام آرند - قدر
شربت ۶ ماشہ -

شرح قنبیل - کمیلہ کو کہتے ہین - کمیلہ دوائے سرخ مشہور ہے -

برء الساعہ - مانع نزلہ و اوجاع باردہ را مفید - فلفل سیاہ - فلفل سفید - بزرالبنج - ہر ایک ۱۰ تولہ
افیون ۳ تولہ - فرفیون ۴ ماشہ - زعفران ۱ تولہ - سنبل الطیب ۴ ماشہ - عسل مصفی ۵۶ تولہ - بدستور معجون سازند
قدر شربت ۴ سرخ -

تصریح چونکہ نسخہ برء الساعہ جسکو برشعثا بھی کہتے ہین اور لفظ ثانی زیادہ مستعمل ہے - واقع اکثر امراض ہے
لہذا اسکا نسخہ قرابادین قادری اور تحفۃ المومنین سے بھی لکھا جاتا ہے ناظرین کو یہ اعتراض نہو کہ مجربات
افسر الاطبا مین دوسرے قرابادین کے مرکبات کیون لکھے گئے - بیشک مین مجربات موصوفہ لکھہ رہا ہون

مگر نسخہ برشعثا جوارش جالینوس معجون فلاسفہ ایسے چند مرکبات جو دستور العمل اطبا مین ضروری
ہین ورنہ تمام لکھون تو میرے پاس قرابادین اعظم کی چارون جلدین ہین اور قرابادین کبیر و جلالی
و شفائی و ذکائی و بقائی وغیرہ لکھون تو طلسم ہوش ربا سے مجموعہ زیادہ ہوگا۔

برشعثا - یہ ترکیب عجیب اور کثیر النفع ہے - واضع نسخہ شیخ الرئیس - واسطے زکام تاریکی چشم - نزلہ
دوار - طنین لقوہ - فالج - صرع - رعشہ - سبات سہری - نسیان - مالیخولیا - وسواس - قطرب -
استیحاش سودا - سہر مفرط - ہذیان - خواب ہائے پریشان - مضرت خمار ضعف اعصاب - استرخائے
لثہ - بلادت ذہن - بدبوئی دہن - سیلان لعاب - نزف دم - قولنج - مغص و درد معدہ و
کبد و سینہ سدہ جگر - انواع استسقا - لاغری بدن - کثرت و بدبوئی عرق - اقسام اعیا
ضعف دل - خفقان کے مفید ہے - بلغم کو پگھلاتا ہے - اور بسبب تفتیت حصات مثانہ
و ادرار بول بستہ مفید - اور معدل اصناف - سوء مزاج معدہ و دل ہے - واسطے تجوید
ہضم اور ظاہر کرنے خواہش طعام کے اور تسکین آلام مفرط داخلی و خارجی کے نافع - مانع سرعت
انزال ہے اور ہمیشہ استعمال کرنا اسکا بعد انزال کے امان ہے - مضرت سرعت انزال سے - اور
واسطے قلع حمیات کہنہ اسہال بارد و سل کے سودمند اور رفاد زہر جملہ سموم ہے - ص فلفل سیاہ
فلفل سفید - بزرالبنج سفید - ہر ایک ٢٠ مثقال - افیون ١٠ مثقال - زعفران ٥ مثقال - سنبل الطیب
عاقرقرحا - فرفیون ہر ایک ایک مثقال - ادویہ کو جدا جدا کوٹین اور وزن کرین - اور شہد صاف سہ چند
ادویہ کے ساتھ ملا دین - ٣ ماہ جو مین رکھین بعد اسکے استعمال کرین - مثقال ٢٠ ماشہ وزن کو کہتے ہین
تشریح - بعض افیونی بمقدار عادت افیون کہاتے رہے - اور رفتہ رفتہ بآسانی کم کم بمقدار استعمال کر

رستے ہیانتک کہ برشعثا کی عادت بھی چھوٹ گئی اور اُس کال بلا سے نجات ملی - رتعد نسخہ برشعثا
ابوالبرکات جسکو صاحب تحفہ نے لکھا ہے کہ سب نسخون سے بہتر ہو و مجرب ہو - دار فلفل - دارچینی -
جنطیانہ - سلیخہ - جند بیدستر - ہرایک ۴ درم - سنبل الطیب - فقاح اذخر - زراوند طویل - ہرایک ۱۰ درم
افیون ڈیڑہ اوقیہ - زعفران ۵ درم - انیسون - فلفل سیاہ ساڑہے بائیس مثقال تخم کرفس -
بزرالبنج ہرایک ۱۵ مثقال - مجیٹہ - اسارون ہرایک ساڑہے دس مثقال - زنجبیل - فربیون خشک
ہرایک ۶ درم - روغن بلسان یا روغن گل ۱۰ درم - شہد خالص ۲۵۰ مثقال - صاحب سل کو
مقدار الحخود - گرم پانی کے ساتھ نہار - اور بوقت خواب زمانہ بارد مین ۱۵ یوم موسم گرم مین تین دن
صرف ایک وقت - اور صداع بارد و لقوہ مین مرزنجوش کے پانی کے ساتھ سعوط کرین - امراض حلق
مین زبان پر رکھکر لعاب بلع کرین - پرانی کھانسی اور تازہ بلغمی مین عصارۂ مرزنجوش کے ساتھ
اور ضیق النفس و ربو مین بآب زیرہ و اصل السوس - وجع الفواد و درد معدہ مین - زیرہ کے پانی کے
ساتھ درد جگر مین شہد کے ساتھ - اگر مادہ بارد سے ہو - اگر درد جگر سدہ سے ہو ماء الاصول کے ساتھ
اسہال مین - ماء الاس کے ساتھ تپ مرکب مین جوشاندہ انیسون کے ساتھ - زحیر مین - لعاب
اسپغول کے ساتھ حصات مین - آب سداب کے ساتھ یا آب ترب - بیخوابی مین شہد جوشاندہ خشخاش
کے ساتھ - بواسیر مین - آب گندنا - ثقل دہان مین بآب سماق ضعف باہ مین - جوشاندہ آب نخود
کے ساتھ - مضرت افیون مین جوشاندہ دارچینی کے ساتھ کافور مین - جوشاندہ عود کے ساتھ لذع
عقرب مین شہد کے ساتھ - احتباس طمث مین جوشاندۂ عناب و مویز کے ساتھ - قولنج مین جوشاندہ
اصل السوس کے ساتھ انفع ہے - مارگزیدہ کے لئے بقدر ایک حبہ دین - جب تے ہو اور دین -

اسی طرح دیتے رہین یہانتک کہ قے موقوف ہو جائے۔ اور علامت سانپ کے زہر کے دفع ہونے کی یہ ہے کہ مارگزیدہ کو نیند آئے۔ **تصحیح**۔ نسخہ ابوالبرکات مین بعض ادویہ کمیاب ہین۔ زراوند کی ۲ قسم ہین ایک مدحرج ایک طویل۔ زراوند مدحرج بکثرت موجود۔ طویل قلیل۔ اوقیہ ساڑہے سات مثقال وزن ہے۔ بنادق البزور^علم^ برائے قرحہ مثانہ و مجاری بول و تصفیہ سوزش آن مفید۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیار۔ مغز تخم کدو۔ ہرایک ۵ درم۔ مغز بادام۔ تخم خطمی۔ رب سوس۔ نشاستہ۔ گل ارمنی۔ تخم کرفس۔ تخم فرفہ۔ خشخاش۔ کتیرا۔ ہرایک ۱۰ درم۔ بزرالبنج نصف درم۔ اقراص سازند۔

شرح واقعہ۔ حکیم تجربہ کار بے علم۔ تعلقہ پالم مین بوقت تحریر کتاب ایک حکیم بے علم وارد ہوا۔ اپنے کو بڑا تجربہ کار لوگون پر ظاہر کرتا تھا مجھے اوس سے دو ملاقاتین قابل سماعت ہین۔ لیکن مجمل اسکے یہ بیان کرنا ضرور ہے کہ مین الحمد للہ ۱۳۱۴ف سے تعلقہ پالم کا حکیم شفاخانہ سرکاری ہون۔ اگرچہ میرے ساتھ کے اکثر اطبا سندیافتہ اضلاع و تعلقات دیوانی مین مامور ہین۔ مگر مین قدیم سے ملازم صرفخاص ہون اس وجہ سے اِس علاقہ مین ترقی کی بہت خواہش تھی۔ اگر دیوانی مین ہو جاتا تا استحقاق ملازمت قدیم صرفخاص باقی نہ رہتا۔ برطرفی ہو جاتی۔ تحصیل سند کے بعد ۱۳۱۲ف تک مدرسہ شفاخانہ مین حاضر رہتا تھا مگر یہی مطب کرتا تھا۔ اب سنئے حال ملاقات حکیم تجربہ کار راقم کے ساتھ۔ ایک دن وہ حکیم میری ملاقات کو خود بخود شفاخانہ سرکاری مین بوقت عصر آیا۔ راقم۔ تم کون ہو مہاراج جی مین حکیم ہون۔ راقم۔ پالم مین کس طرح آئے دیشمکہ صاحب نے طلب کیا۔ آپ کو مین نکرم جنگ۔ اور دس بارہ دولے کے پاس دیکھا ہون۔ راقم۔ اپنے دل مین یہ خطاب تو ہماری سرکار مین سنے نہین گئے۔ یہ پنڈت تو لچر اور باتونی ہے۔ جب ہی کچھ پیدا کرلیتے ہیں

غیرہنسی کو ضبط کرکے۔ اجی مہاراج۔ مین غریب آدمی امیرون کے پاس کیون جاؤنگا۔ مین نہین۔ آیا اسوقت تم نشہ مین تو نہین ہو۔ وہی حکیم۔ نہین سرکار آپکے سامنے ویسا کیون آؤنگا۔ راقم۔ اچھا تو اتنے امیرون کے پاس جانے والے ایک دہوتی ایک کرتا۔ ایک چہوٹا پٹکا اسپر قناعت کیون ہے۔ وہی حکیم۔ سرکار میرے پاس تین لاکھ روپیہ تھے۔ چوری گئے۔ مفلس ہوکر تعلقات کا دورہ کرتا ہون۔ آپ کی نظر پرورش ضرور ہے۔ راقم کتاب۔ تین لاکھ تو کیا ہین تجکو خواب مین تین کروڑ ملے ہونگے۔ تمہارے تمنے سے بیر اکیا ہرج ہے۔ میری ماہوار کم نہین ہوتی۔ خرچ ادویہ ملتا ہے روزانہ چالیس پچاس مریض دوا لیجاتے ہین۔ مگر مہاراج تمہارے ماترون کو شروک رکھو جس دوا کی ضرورت ہو میرے پاس موجود ہے لیجاؤ۔ کما کھاؤ۔ ہمکو سرکاری ماہوار ملتی ہے۔ کافی ہے۔ دوا مفت دیجاتی ہے۔ وہی حکیم۔ مین یونانی حکیم ہون۔ راقم کتاب۔ جی ہان یہ بہی دواخانہ یونانی ہے۔ اگر تمہارے علاج سے اکثر نقصان ہوگا میرے پاس شکایت آیگی مین بذریعۂ کوتوالی تم کو ۵ منٹ مین یہان سے نکالدونگا۔ وہی منحوس حکیم سرکار مین۔ سوجاک۔ بائی میم۔ آتشک۔ بس یہ بیماریان کا علاج کرتا ہون۔ راقم۔ تمہاری حالت مدقوق کی کیون ہے۔ تمہارے بازو مین یا حقہ کی نلی۔ وہی حکیم۔ جی نہین سرکار مین ابہیم مدت وغیرہ نہین پیتا دار و پیتا ہون۔

راقم کتاب۔ اچھا جاؤ مگر کچھ پوچھنا ہے مین اسوقت بھول گیا ہون۔ بادیان کا مزاج کیا ہے۔

وہی حکیم۔ ۲ منٹ غور کے بعد بادیان کیا چیز ہے۔

راقم کتاب۔ ارے تم تو یونانی حکیم ہو اسکو رازیانہ بھی کہتے ہین۔

وہی حکیم۔ راجیانہ کیا ہے۔

راقم کتاب۔ ارے بیوقوف سونف سونف۔

وہی حکیم۔سونف تو معلوم نہین مگر بڑی سونف معلوم ہے۔

راقم۔ ارے وہی بڑی سونف مگر چھوٹی سونف کہان ہے۔

وہی حکیم۔ہونہ ہو مگر بڑی سونف معلوم ہے۔یہان بہی موجود ہے۔

راقم کتاب۔ اچہا بتاؤ اسکا مزاج کیا ہے۔

وہی حکیم۔غور کے بعد مجاج تو آدمی کا بیمار ہوتا ہے۔بہلا دوا بھی کہین بیمار ہوئی ہے۔

راقم کتاب۔ارے میان بڑی سونف گرم ہے یا سرد تر خشک۔

وہی حکیم۔تجربہ کار سرکار پانسو برس سے ہمارے خاندان مین حکیمی آتی ہے قصور معاف آپ تو ہمارے سامنے کے بچے ہین۔بہلا یہ بات پوچہنے کی ہے۔گرمی کے موسم مین گرم ہے۔سردی مین سرد۔ پانی مین بہگاؤ تو تر۔دہوپ مین سکہاؤ تو خشک۔

راقم کتاب۔اور برسات مین

وہی حکیم جی۔سرد۔

اب تو مجکو ہنسی کی ضبط نرہی بے اختیار قہقہہ۔ایک صاحب وہان بیٹھے تے۔مین نے اون سے کہا کہ دیکھو حضرت حکیم بے علم کو لاکھ تجربہ ہو یہی حال ہے۔خیر میان یہ بتاؤ کیا ہر دوا کا یہی حال ہے یا خاص بڑی سونف کا۔ وہ حکیم سرکار ہر دوا ہر آدمی ہر جانور کا یہی حال ہے موسمی تاثیر سے اثر ہے باقی نہ کوئی گرم نہ سرد۔

راقم کتاب۔اچہا یہ موسم سردی کا ہے مین تم کو ایک دوا مفرد کہلاتا ہون۔دیکھو کیسی گرم ہے۔
وہ حکیم وہ ڈاکٹری ہوگی۔

راقم کتاب - نہین میان - یونانی یونانی -

وہ حکیم - تو مین کہانا کہا کر حاضر ہوتا ہون -

راقم کتاب - چپراسی اس کو جانے ندو وہ دوا کہلاؤ اسکے بعد وہ تو آبدیدہ ہونے مین اجازت رخصت
مل گئی - ایک ہفتہ کے بعد عالیجناب سوم تعلقدار صاحب ضلع پربھنی کسی واردات کے دریافت
کے لئے بمقام پہلا تعلقہ پالم - رونق افروز ہوئے - مین بھی سلام کو گیا تہا - پالم سے چپراسی وغیرہ
اہتمام سربراہی کو گئے تہے - عہدہ داران کوتوالی بہی موجود تہے - مقصود یہ ہے کہ دو شخص سوزاک
کے مریض تہے - مین نے دونون سے تخمیناً صحت کے لئے دو ہفتہ کا وعدہ کیا تہا - ایک شخص تو
بوجہ دوای مفت سرکاری کم کم نفع پر قانع رہا - دوسرا اوسی حکیم قصاب سیرت کے یہان رجوع
ہوا - پانچ روپیہ یا کچہ کم انکو دئے - اوسکا بہت نام ہوا کہ دیکہو تین دن مین بیماری ندارد حکیم صاحب
کے پاس دوسرا ایک ہفتہ سے رجوع ہے چونکہ وہان ڈیرے مین دونون موجود تہے بمجبوری مرغ وغیرہ
شام کو سب کہائے - میرے مرجوعہ مریض سے تو مین نے کہدیا تہا کہ کم نمک و مرچ صرف شوربا
کہانے کے ساتھ کہایا کرو - دوسرے مریض کو حکیم مذکور نے اجازت دی تہی کہ جو چاہو کہاؤ ہماری دوا
دوسرے کو معلوم نہین یہ کتابی علم نہین - مجکو شام تک دونون کی کیفیت معلوم نہ تہی - صبح کو سنتا ہون
کہ اوس بے وقوف حکیم کے صحت یافتہ مریض کی یہ حالت ہوئی کہ تمام دانت ہلنے لگے - چہرہ پر ورم رنگ
سرخ جسم مین لرزہ - تپ بشدت - مریض دواخانہ کو صرف سوزش بول باقی خیریت سے ہے یہ کیفیت
مجکو دوسرے دن معلوم ہوئی - دونون مریض اور طبیب کو طلب کیا - مریض اول کو حکیم سے روپیہ واپس
دلائے گئے - پوچہا کہ تم نے اسکو کیا دوا دی تہی اوسنے کہا کہ سرکار ہم تجربہ کار حکیمون کو قسم اور طلاق ہے

کہ ہم اپنی دوا دوسرون کو نہین بتاتے خیر اُس سے کہا گیا کہ تم آج ہی پالم سے چلے جاؤ ورنہ ہم کل نکالدینگے۔
پالم سے تو وہ حکیم چلا گیا۔ لیکن ابہی دیہات پالم مین روپوش ہے۔ مریض اول سے کہا کہ بے وقوف دوا سرکاری
مفت ملنے پر تم کو کیا ضرورت تہی کہ تم اِس نالایق سے رجوع رہتے۔ اوسنے معذرت کی اور کہا کہ کل آپکے
پاس بنگی صدر شفا خانہ یونانی سرکار عالی نمبر ۴ وزنی ۱۵۵ تولہ ۲۲ آذر ۱۳۱۶ف کی جوآئی ہے جسمین بنادق البزور
بہی ہے جس کا استعمال مریض دوم کرتے ہین وہ عنایت فرمائی۔ مریض دوم نے کہا کہ مجکو بنادق البزور
کے سوا روغن بہی ملتا تہا۔ آخر مین مریض اول سے مین نے کہا کہ یہان ببول کا پتہ بہت تہا اوس کی
نرم کونپل لیکر رات کو زیر سما بہگا کر صبح کو چہان کر پیتے سوزاک رفع ہوجاتا تم اوس بے وقوف حکیم کے پاس
کیون گئے۔ خیر دو ہفتون مین دونون مریض شفا خانہ مین رجوع رہے اور صحت یاب ہوگئے
بنادق البزور۔ مدر۔ برائے تقطیر بول سفید و قرحہ مثانہ از چرک پاک کند۔ مغز خیارین ۷ تولہ مغز تخم کدو
۷ تولہ۔ خرفہ مقشر ۷ تولہ خشخاش سفید ۷ تولہ۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ رب سوس۔ مغز تخم خربزہ۔ ہر ایک
۴ تولہ۔ بزر البنج ایک تولہ۔ بنادق سازند۔ پچکاری اسپغول۔ سنگجراحت بریاں ۴ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ
گیرو بریاں ۴ ماشہ۔ رسوت سائیدہ ۲ ماشہ۔ نشب یمانی ۳ ماشہ کتیرا ۳ ماشہ کوفتہ بیختہ لعاب برآوردہ
زراقہ کنند۔ جوارش ہلیلہ مربا مانع تخمیر و مقوی معدہ۔ دافع قبض۔ ہلیلہ مربا ۱۰ تولہ۔ آملہ مربا ۱۰ تولہ
سیب مربا ۱۰ تولہ۔ و عرق گاؤزبان اثار۔ گلاب اثار جوش دادہ صاف نمودہ نبات سفید آمیختہ
بقوام آوردہ۔ طباشیر گاؤزبان تخم فرنجمشک۔ کشنیز خشک۔ ابریشم مقرض۔ گل سیوتی ہر ایک
۴ ماشہ آمیختہ جوارش سازند۔
جوارش خبث الحدید۔ حابس اسہال مقوی معدہ و جگر۔ گلسرخ سبزی پاک کردہ۔

صندل سفید - سنبل الطیب - ابزباریس - پوست ہلیلہ کابلی - پوست ہلیلہ زرد - ہلیلہ سیاہ -
بلیلہ آملہ خشک - گل ارمنی مغسول - طباشیر - گاوزبان - دارچینی - کبابہ - قاقلہ - مصطگی -
قرنفل - سعد کوفی - پوست بیرون پستہ - عود ہندی - پودینہ خشک - حب الآس - پوست ترنج
ہریک یک جز - خبث الحدید بریان - سہ جز - شکر سفید سہ چند — جوارش جالینوس - دافع
کثرت بول و اسہال کہ بوجہ ضعف معدہ باشد - سنبل الطیب ۴ تولہ - مصطگی ۱ تولہ - قاقلہ کبار -
سلیخہ - دارچینی - خولنجان - قرنفل - سعد کوفی - زنجبیل - قسط شیریں - عود بلسان - اسارون
تخم مورد - چرائتہ - زعفران ہریک ۲ تولہ - شہد ۷ ار - قند سفید ۱۰ ار **شرح** - چونکہ جوارش
جالینوس تمام اطبا کے مطبوں میں زیادہ مستعمل ہے لہذا نسخہ جوارش جالینوس قرابادین قادری سے بھی
لکھا جاتا ہے -

جوارش جالینوس - اسکے خواص بہت ہیں - مقوی سب اعضا کی ہے - خوشبو
کرنے والی دہن کی - کاسر ریاح - مانع بہت آنے پیشاب کی کہ بہ سبب سردی مثانہ ہو -
رافع سعال بلغمی و بواسیر و نقرس و توباد بق - و حصات گردہ مثانہ حافظ سیاہی مو - مقوی
باہ - سنبل الطیب - قاقلہ - سلیخہ - خولنجان - قرنفل - سعد - زنجبیل - فلفل سیاہ - دارفلفل -
قسط بحری - عود بلسان - اسارون - تخم مورد - قصب الذریرہ - زعفران - ہرایک ۲ درم -
مصطگی ۱۰ درم - قند سفید برابر سب اجزا کے شہد دوچند ادویہ بعض اطبا نے خبطیانہ ۳ مثقال
اسمیں اضافہ کیا ہے -

جوارش عود - مسہل صفرا - سقمونیا - نیم درم - عود خام - مصطگی ہرایک ایک درم - تربد سفید

بعسل بسر شند۔

جوارش آملہ لولوئی ۔ مانع اسہال مقوی معدہ و جگر۔ دافع اسہال صفراوی۔ شیرۂ آملہ منقی
۳ تولہ۔ شیرۂ ابزباریس ۳ تولہ۔ بہدانہ ۳ تولہ۔ درعرق گاؤزبان ۱۰ تولہ۔ گلاب ۱۰ تولہ۔ عرق بیدمشک
۱۰ تولہ۔ آب انار ترش ۱۰ تولہ۔ برآوردہ۔ باقند سفید۔ بقوام آوردہ۔ بعدہ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ۔
کہربا ۶ ماشہ۔ یاقوت سرخ ۶ ماشہ۔ دارچینی و مصطکی ۶ ماشہ۔ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ دانہ ہیل
۶ ماشہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ۔ صندل سفید ایک تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ عنبر اشہب ۳ تولہ
ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ ورق طلا ۳ ماشہ۔ بیامیزند و جوارش سازند۔ **شرح** ۔ ابزباریس زرشک
کو کہتے ہیں۔ عنبر جسے عنبر اشہب کہتے ہیں۔ ع سے ہے

جوارش عود سادہ ۔ مقوی معدہ باردہ۔ پودینہ۔ سنبل الطیب۔ مصطکی ہر ایک ۴ تولہ۔ پوست
ترنج ۶ ماشہ۔ پوست بیرون پستہ ۲ ماشہ۔ الایچی خورد مع پوست ۶ ماشہ۔ بعرق گلاب ۵ ار
عرق لیمو ۳۰ عدد۔ شکر سفید ۵ ار۔ عسل مصفی ۱ ار۔ بدستور جوارش سازند۔

جوارش فوذنج ۔ محلل و کاسر ریاح۔ دافع درد معدہ و مقوی آن۔ مانع اسہال کہ از
ضعف معدہ باشد۔ مصطکی۔ سعد کوفی۔ ہر ایک ۴ تولہ۔ اناردانہ۔ عود غرقی۔ دارچینی۔ سماق
ہر ایک ۸ تولہ۔ دانہ ہیل ۴ تولہ۔ الایچی سرخ ۴ تولہ۔ پودینہ ۸ تولہ۔ ادویہ کوفتہ بیختہ عسل مصفی
۱ ار آمیختہ جوارش سازند۔

جوارش مربا ہلیلہ لولوی ۔ مربا ہلیلہ۔ مربا سیب۔ مربا آملہ ہر ایک ۱ ار۔ بعرق گاؤزبان
۱ ار گلاب ۱ ار جوش دادہ صاف نمودہ بہ نبات سفید ۱ ار قوام کردہ طباشیر گل گاؤزبان۔ تخم فرنجمشک

ہر ایک ۶ ماشہ ۔ کشنیز خشک ایک تولہ ۔ گل سیوتی ۶ ماشہ ۔ ابریشم مقرض ۶ ماشہ ۔ دانہ ہیل ۶ ماشہ ۔
مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ ۔ یشب سبز ۱ ماشہ ۔ جوارش سازند ۔

جوارش تمر ہندی ۔ آب لیموئے کاغذی ۔ مار ۔ گلاب ۔ عرق کیوڑہ ۔ عرق بید مشک ہر ایک
۔ مار ۔ آب انارین ۔ مار ۔ آب ترنج ۔ مار ۔ قند سفید ۱ مار ۔ گل سرخ ۲ تولہ ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ ۔ زرنباد ۲ تولہ
مصطگی ۲ تولہ ۔ دانہ ہیل ایک تولہ ۔ اگر غرقی ایک تولہ ۔ زرشک ایک تولہ ۔ طباشیر ایک تولہ ۔ ساذج ہندی
ایک تولہ ۔ پوست ترنج ۲ تولہ ۔ برگ پودینہ ایک تولہ ۔ گل سیوتی ایک تولہ ۔ صندل سفید ایک تولہ ۔
آب نارنج ۔ مار ۔ جوارش سازند ۔ مقوی معدہ و جگر و دل است ۔ مشتہی ۔ دافع غثیان و قے ۔

چورن نمک لاہوری ۔ مقوی معدہ ۔ محلل ریاح ۔ ہاضم طعام ۔ دافع حرارت معدہ ۔ نمک لاہوری
۱۰ مار ۔ لیمو کاغذی ۲۰ عدد ۔ انار دانہ ترش ۱۳ تولہ ۔ زرشک ۱۳ تولہ ۔ سماق ۱۳ تولہ ۔ کشنیز خشک
۱۳ تولہ ۔ **شرح** ۔ نمک لاہوری کو عرق لیموں میں تابہ گلی پر بریان کریں کہ عرق جذب ہو جائے
پھر نیچے اتار کر باقی ادویہ کو باریک کوٹ کر ملاویں ۔

چورن سرواری ۔ برائے ہضم طعام و فساد معدہ مفید ۔ بادیان بریان ۵ تولہ ۔ پوست
بلیلہ زرد ۲ تولہ ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ ۔ انار دانہ ترش ۱۵ تولہ ۔ سماق ۱۰ تولہ ۔ زرشک ۱۰ تولہ ۔ کشنیز خشک
۵ تولہ ۔ نمک لاہوری ۳۰ تولہ ۔ **شرح** ۔ بطریق چورن نمک لاہوری عرق لیمو کے ساتھ
تیار کریں ۔

چوٹ گولی ۔ برائے ضربہ و سقطہ بسیار مفید ۔ ہالون ۔ ہلدی ۔ میدہ لکڑی ۔ پٹھانی لودھ
پوکرمول ۔ سانبھر صابون ۔ سجی ۔ مرمکی ۔ ہر ایک یک جز ۔ با قند سیاہ کہنہ حب سازندہ ۔

حب تپ - دارفلفل - مار - زیرہ سفید ۱ مار - مغز کنجہ - مار کوفتہ بیختہ با برگ تنبول حب بندند -

حب شفا - حابس نزلہ - مانع تپ نوبت و لرزہ - و تپ مرکب - تخم دھتورہ ۶ ماشہ - ریوند چینی
۴ ماشہ - زنجبیل ۲ ماشہ صمغ عربی بقدر ضرورت - آمیختہ کوفتہ بیختہ حب بقدر مونگ بندند

حب ترش - مقوی معدہ - ہاضم طعام - جوا کھار - ترب کھار - نوشادر - ہر ایک ۳ تولہ - زنجبیل
۶ ماشہ - شورہ قلمی - گندھک - آنولہ سار - آملہ - نمک سیاہ - نمک لاہوری - چرچٹہ ہر ایک ۳ تولہ -
فلفل دراز ۸ تولہ فلفل سیاہ ۴ تولہ - پودینہ خشک ۱۲ تولہ - بادیان ۲ تولہ - اجوائن ۶ تولہ
شیطرنج ۳ تولہ - سہاگہ بریان ۲ تولہ - قرنفل ۵ تولہ بعرق لیموں عرق سحجنہ حب بندند -

حب کاکڑاسنگی - برائے سعال بارد مفید مخرج بلغم - کاکڑاسنگی - تمر ہندی - دارفلفل
سعد کوفی بنفشہ - تخم کاسنی - تخم خرفہ - مغز تخم خیار - مغز تخم تربوز - بہدانہ - کشنیز خشک - مصطگی
انیسون گل سرخ - طباشیر - نشاستہ - کتیرا - حب الملوک - ہمہ ادویہ ہموزن کوفتہ بیختہ حب بندند

حب مقل - برائے بواسیر و ریح البواسیر مفید - آملہ ۲ تولہ - پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ - مقل ۲ تولہ
ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ - ہلیلہ کابلی ۲ تولہ - تخم ترہ تیزک ایک تولہ - شاہترہ ۲ تولہ - مصطگی ۲ تولہ باآب
گندنا حل کردہ حب بقدر نخود بندند -

حب تپ لرزہ - پلاش پاپڑہ - مغز کنجہ - دارفلفل ہر ایک ایک تولہ - حب بقدر فالسہ بندند

حب سرخ بادہ - برائے سرخ بادہ و فساد خون مفید - چاکسو - رسوت - سوہن گیرو ہر ایک
ہموزن -

حب کیناکین - برائے تپ لرزہ وغیرہ مفید - ست گلو - دانہ ہیل - کونین طباشیر ہر ایک ہموزن

باب سائیدہ حب بندند۔

حب باقلا - دافع سعال کہ از حرارت و یبوست باشد۔ صمغ عربی۔ مغز بہدانہ۔ تخم خطمی۔ رب سوس
خشخاش سفید۔ خرفہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ مغز بادام۔ باقلا۔ مغز تخم خیار۔ مغز تخم کدو۔ ہر ایک ۲۰ تولہ
بلعاب اسپغول و نبات سفید ۱۴ ماشہ حب بندند۔

حب اکسیر - برائے ہیضہ و اسہال و وبا مفید۔ ہجر ۲ تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ کندر ایک
تولہ۔ کوفتہ بیختہ حب بندند۔ **شرح** - حب اکسیر مرض ہیضہ مین اس قدر مفید ہے کہ جسکی
تعریف مین زبان قاصر ہے۔ شافی مطلق نے اس ترکیب مین بہت تاثیر بخشی ہے حضرت
افسر الاطبا صاحب مرحوم نے ۱۳۰۹ھ یا ۱۳۱۰ھ مین مجکو اسوقت سال تو یاد نہین۔ اشتہار
دیا تہا کہ حب اکسیر و عرق حیات صدر شفاخانہ مین رات دن ہر وقت تیار ہین۔ ہر شخص بلا قیمت
لیجا سکتا ہے۔ چونکہ اسوقت مرض ہیضہ بشدت تہا۔ اشتہار مذکور مین یہ بہی تہا کہ ہر شخص
صحیح بہی اسکا استعمال کرے تاکہ مبتلائے مرض ہیضہ نہو۔ چنانچہ مریض و غیر مریض تا رفع مرض
ہیضہ اس کا استعمال کرتے رہے۔ کم سے کم دو تین لاکھ شخص اسکے مداح تے۔ صبح کو تو خود رونق
افروز رہتے تے۔ تین پہر سے شام تک مددگار صاحب کو تاکید تہی کہ حاضر شفاخانہ رہین۔ شام
سے صبح تک دواساز حاضر صدر شفاخانہ رہتے تے ہر شخص حب اکسیر و عرق حیات لیجاتا تہا۔
عرق حیات حرف عین سے ملاحظہ ہو ۱۳۱۵ف مین خورداد سے آخر امرداد تک خاص مستقر
بالم و مواضعات بالم مین مرض ہیضہ بشدت تہا تمام دیہات ہیضہ مین راقم کتاب دورہ کرتا رہا۔
مریضون کو حب اکسیر عرق حیات حب قادری عرق پودینہ لعاب گاؤزبان و آلو بخارا حسب ضرورت

دیتا رہا سینکڑون مریض بفضل شافی مطلق صحت یاب ہوئے - تعلقہ گنگا کہیڑ کے قریب خود
اس حکیم کو ہیضہ ہوگیا - ہمراہی کے لوگ یعنی جوان کوتوالی وچپراسی شفاخانہ کی راے ہوئی کہ اب
حکیم صاحب کو واپس لے چلنا ورنہ ہماری بدنامی ہوگی - مین نے کہا کہ اول گانون تک ہیضہ ہے
وہان گئے بغیر مین واپس نہ چلونگا - ایک دن سے زیادہ فاقہ کیا - ادویہ موجود کا استعمال رہا
الحمدللہ صحت یاب ہوگیا - دوسرے تیسرے دن اول گانون مین پہنچا وہان بہی ہیضہ تہا
مگر کم اسکے بعد مراسلہ پہنچا کہ خاص مستقر پر بہی مرض ہیضہ ہے اب آپ کو دورہ کرنیکی ضرورت
نہین - فوراً واپسی کا قصد ہوا - آتے وقت جیسا گانون قریب تہا وہان پہنچا - وہان گئے تک
آدہے گانون سے زیادہ راہی عدم ہوچکا تہا پٹیل پٹواریون کے پاس دواے ہیضہ رکہادی
گئی - مستقر پر پہنچنے تک جو جو موضع ملتا تہا مرض ہیضہ ہو یا نہو دوا رکہاتے ہوئے مستقر پر
پہنچا امینصاحب کوتوالی کو بہی ہیضہ ہوا وہ بہی الحمدللہ اس علاج سے صحت یاب ہوئے -

حب طباشیر - براے تپ صفراوی بعد تنقیہ مفید - طباشیر - ست گلو - ہموزن -
حب شفاے صندلی - براے تپ صفراوی مفید - طباشیر - بزرالبنج - صندل سفید - صندل
سرخ - کافور - نشاستہ - ہرایک ۱ تولہ - زعفران ۴ سرخ - افیون ۴ سرخ - حب نجات براے
تپ نوبت مفید - برگ دہتورہ - فلفل گرد کوفتہ بیختہ بمقدار نخود حب بندند -

حب لقاح حابس نزلہ حار - وبراے سعال نزلی کہ از حرارت باشد مفید - بزرالبنج - تخم کاہو -
نشاستہ - تخم خشخاش - صمغ عربی - افیون - کوکنار - ہرایک ایک تولہ زعفران ۱ ماشہ کوفتہ
بیختہ بگلاب حب بندند

حب نرنج - دافع سعال اطفال کہ از برودت باشد - بچ - اجواین - ایلوہ - اصل السوس - سہاگہ - خولنجان - بادیان - جدوار - ہر ایک مساوی بآب ادرک حب بندند -

حب ربع - ہینگ - برگ سداب ہموزن حبوب سازند - شرح - چودہاری بخار کے لئے یہ گولیان بنتی ہین - استعمال بہت مفید ہے -

حب قلاع - برائے قلاع و بثور الفم سفید - آرد کرسنہ - آرد عدس - جو سوختہ - گلنار - گاوزبان - برگ حنا - شاہترہ - طباشیر - نشاستہ - گل نیلوفر - ہر ایک ایک درم - حب بندند -

حب تنکار - مقوی معدہ و دافع درد معدہ ریحی - سہاگہ تیلیا بریان ۶ ماشہ - بزرالبنج ۲ تولہ - فلفل سیاہ ۳ تولہ - صبر سقوطری ۲ تولہ - در شیرہ گھگوار حب سازند -

حب خرمہرہ - جہت آتشک و زخم آن سفید - خرمہرہ زرد سوختہ - کتہ سفید - مرچ سیاہ - چھالیہ سوختہ - نیلہ توتہ سوختہ کوفتہ بیختہ در کڑاہی آہنی با دستہ نیم کہ زیر آن - دستہ فلوس چسپان باشد ۱۲ ساعت حل کنند و حب بندند -

حب میعہ - برائے سعال نافع - افیون ½ ماشہ - رب سوس بقدر افیون - میعہ سائیلہ ۲ ماشہ - ایرسا - ایک ماشہ - حب بقدر باجرا - شرح - میعہ سائیلہ سلارس کو کہتے ہین -

حب قوبا - گیرو - تخم تروٹہ - باپچی - سہاگہ خام - ساوی الوزن - بعرق - ادرک حب بندند - شرح - قوبا جسکو زبان عام داد کہتے ہین اوسپر یہ گولی گھسکر لگانا -

حب چاکسو برائے آشوب چشم - چاکسو - رسوت - اول ۲ تولہ دوم ۲ ماشہ - پھٹکری ایک ماشہ - افیون ۰ ماشہ - درآب برگ تمر ہندی و برگ نیم سائیدہ حب بندند - شرح - شفاخانہ

پالم مین بھی سیکڑون مریض اس دوا کو پانی مین گھسکر آنکھون مین لگاتے ہین - اور آشوب چشم سے صحت پاتے ہین - خصوصاً اطفال -

حب تیواج - برائے حبس خون بواسیر مفید - رسوت ۵ تولہ - گل نیلوفر ۵ تولہ - تیواج خطائی ۵ تولہ کتیرا ۵ تولہ - مویز منقیٰ ۷ تولہ - حب کاسر ریاح محلل ریاح بواسیری - مقوی معدہ - رسوت تم تولہ مغز تخم نیم ایک تولہ - مویز منقیٰ ۵۰ دانہ - بقدار فالسہ حب بندند -

حب سنگدانہ - مقوی معدہ و جگر دافع اسہال - الائچی - سہاگہ بریان - طباشیر - اگر - مصطگی - زیرہ سیاہ - پوست سنگدانہ - پودینہ خشک - پوست ترنج - تمر ہندی - زرنباد - زنجبیل - گل سرخ - سعد - ہر ایک یک جز - بآب لیمون کاغذی حب بندند -

حب نواصیر - مغز کدوے شیرین - زرکچور - رسوت - مغز تخم نیم - ہر ایک ۲ تولہ حب بقدر فالسہ

حب وجع مفاصل - دافع وجع مفاصل کہ از آتشک باشد - ہلدی - اجمودہ برگ نیم - عاقرقرحا - اجوائن - شنگرف - لونگ - برگ سنبھالو - بیخ اندرائن - مرچ سیاہ - پوست بیخ بکائن بلادر - بیخ آگ - ہر ایک ۳ درم قند سیاہ برابر - بقدر کنار کلان حب بندند -

حب اجوائن - برائے آتشک مفید - اجوائن خراسانی - اجوائن دیسی - اجمودہ - بلادر عاقرقرحا ہر ایک ۲ ماشہ - سیماب ۳ ماشہ - بلادر در آتش نرم - سوختہ دیگر اجزا باریک سائیدہ در نیم پاؤ قند سعد سیماب حل کردہ حب بقدر تخم ریٹھا بستہ - در بالاے پیپیدہ بخورانند -

حب سوزاک - کلانجورد ایک تولہ - پوست ہلیلہ کابلی ۴ تولہ - ہلیلہ سیاہ ۴ تولہ - نیلہ تھوتہ ایک تولہ - پوست بلیلہ زرد ۴ تولہ گندہ بہروزہ ایک تولہ - در عرق لیمو کاغذی کھرل کردہ حب بقدار

کنار دشتی بندند۔

حب آتشک ۔ بلادر کلاہ دور کردہ ۸ عدد ۔ بزرالبنج ۷ ماشہ ۔ کنجد سیاہ ۷ ماشہ ۔ مغز نارجیل تازہ ایک تولہ ۔ سیماب ۱۴ ماشہ ۔ طباشیر ۶ ماشہ ۔ قند سیاہ ۴ تولہ ۔ ہمہ ادویہ کوفتہ بیختہ بلادر آمیختہ بسایند بعدہ سیماب انداختہ بکوبند کہ یک ذات شود ۲۸ حب بندند۔

حب سوزاک ۔ شورہ قلمی ۔ ریوند چینی ہر ایک ۷ ماشہ ۔ جوا کھار ۶ ماشہ ۔ طباشیر ۱ تولہ ۔ دانہ ہیل ۶ ماشہ ۔ برادہ صندل سفید ۴ تولہ ۔ زیرہ سفید ۳۰ تولہ بآب سائیدہ حب بندند۔

حب بادشاہانہ ۔ برائے آتشک مفید ۔ قرنفل ۳۰ ماشہ ۔ الائچی سفید ۔ مردار سنگ رسکپور ۔ سیماب ۔ دارچینی ۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۳۰ ماشہ ۔ گیرو ۲۸ ماشہ ۔ قرنفل و الائچی و مرچ شیا و دارچینی ۔ کوفتہ بیختہ ۔ بامردار سنگ و رسکپور و پارہ حل کردہ علیحدہ سائیدہ بآب برگ تنبول حب سازند بقدر کنار دشتی۔

حب بلادر ۔ جہت آتشک مفید ۔ اجوائن خراسانی ۔ اجوائن ہندی ۔ کنجد سیاہ ۔ عاقر قرحا ۔ سیماب بلادر کلاہ دور کردہ ہر ایک ۷ ماشہ ۔ قند سیاہ ۲ تولہ ۔ سوائے سیماب و قند ہمہ را کوفتہ بیختہ سیماب و قند آمیختہ یک شبانہ روز در ہاون دستہ خوب بکوبند تا کہ مثل موم شود و رنگ کرنجوہ پیدا کند ۔ پس بقدر کنار دشتی حب بندند۔

